ناروے میں آمد کے متعلق

بتاریخ: 29.03.2021

درآمدی انفیکشن کے خطرے کو محدود کرنے کے لیے، حکومت نے ناروے تک غیر ملکیوں کی رسائی کو مزید سخت کر دیا ہے۔ 29 مارچ سے ، ناروے کے شہریوں اور ناروے میں مقیم غیر ملکیوں سمیت تمام افراد ، جو غیر ضروری طور پر بیرون ملک سفر کرتے ہیں ، کو بھی لازمی طور پرسفری قرنطینہ قرنطین ہوٹلوں میں گزارنا ہو گا ۔

اصولی طور پر صرف ناروے میں مقیم غیر ملکیوں کو ہی ناروے میں داخل ہونے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ اسکا اطلاقEEA کے شہریوں پر بھی ہوتا ہے۔

لازمی جانچ، ملک آمد کی رجسٹریشن، قرنطینہ اور قرنطینہ ہوٹلوں کا اطلاق ان چند افراد پر ہوتا ہے جو ناروے میں داخل ہو سکتے ہیں(جو داخلے کی پا بندی سے مستثنیٰ ہیں) . اس صفحے سے پڑھ کر جانیے کون سے قوانین لاگو ہوتے ہیں۔ اسکے بعد آمد کے اندراج پر جا سکتے ہیں۔

کچھ گروپوں کے لیے ابھی بھی مستثنیات ہیں۔

علاوہ ازیں درج ذیل گروپوں کو داخلے تک رسائی حاصل ہے۔

.ناروے میں مقیم غیر ملکی

. اگر خصوصی وجوہات متقاضی ہوں کہ غیر ملکی پرفلاحی تحفظات یا ناروے میں رہنےوالوں کی خصوصی نگہداشت کی ذمےداری ہو تو ملک میں داخلے کا حق دیا گیا ہے۔

. غیر ملکی جو بچوں کے ساتھ ملاقات کےلیے جاتے ہیں۔

. ناروے میں مقیم افراد کے قریبی رشتےدار، یعنی شریک حیات، رجسٹرڈ پارٹنر، ساتھ رہنے والے محبوب، نابالغ بچے، بچے یا سوتیلےبچے، والدین یا نابالغ بچوں کے سوتیلے والدین یا سوتیلے بچۓ

. غیر ملکی میڈیا ادارے کی طرف سے اسائنمنٹ پر کام کرنے والے صحافی اور دیگر اہلکار۔

. غیر ملکی مسافر جنہیں ناروے کے ہوائی اڈے پر جہاز تبدیل کرنا ہوتا ہے(یہ بین الاقوامی ٹرانزٹ اور شینجن میں دونوں پر)

. ملاح اور فضائی اہلکار

. غیر ملکی جو سامان اور مسافروں کی آمد و رفت کا کام کرتے

.غیر ملکی جو اہم معاشرتی کام کرتے ہیں۔

. سویڈن اور فن لینڈ سے تعلق رکھنے والے شعبہ صحت سے منسلک اہلکار جو نارویجن صحت اور نگہداشت کی خدمت میں کام کرتے ہیں۔

. بچے اور طالب علم جو سویڈن یا فن لینڈ سےبارنےہاگے، پرائمری یا سیکنڈری اسکول جاتے ہیں، اور وہ افراد جو گھر اور بارنےہاگے یا اسکول کے درمیان ضروری سفر کرتے ہیں۔

. 20 فروری 2021 سے کاروباری مسافروں کو داخلے کی پابندیوں سے مستثنیات ہو سکتی ہیں جہنیں این ایف ڈی کے زریعہ منظور کردہ درخواست سکیم کےتحت کےلیے داخلے کی منظور کیا گیا ہو۔یہ کاروباری برادری کے لیے ایک انتہائی محدود درخواست پر مبنی اسکیم ہے۔ جس میں سخت کاروباریضروری عملے کو لایا جا سکے۔

. یکم مارچ پیر سے، سویڈن اور فن لینڈ سے آئے دن آنے والے مسافر ایک بار پھر سخت ٹیسٹ اور کنٹرول کی سختیوں کے تحت ناروے میں کام پر آ سکیں گے۔یومیہ مسافروں کو اسٹیشن کے اوقات کار میں سرحد عبور کرنا ہوگی۔ ٹیسٹ اسٹیشن کے ساتھ اور اِس کے بغیر کھلے باڈَر کا نقشہ ملاحظہ کریں (ڈائریکٹوریٹ برائے صحت)

معاشرتی افعال سمجھے جانےوالے نکات کے آغاز کے طور پر مندرجہ ذیل فہرست میں حوالہ دیکھا جا سکتا ہے۔

اہم معاشرتی افعال کی فہرست (تازہ کاری 17 فروری2021)

.انتظامیہ اور بحران کا انتظام
. دفاع

- امن و امان
- صحت اور دیکھ بھال، بشمول فارمیسی اور صفائی
- ریسکیو سروس
- ڈیجیٹل سیکیورٹی اور سول سیکٹر
- فطرت اور ماحول
- رسد کی حفاظت
- پانی اور سیوریج
- مالیاتی خدمات
- بجلی کی ترسیل
- برقی مواصلات
- نقل و حمل کے ذرایع (ٹرانسپورٹ)
- سیٹلائٹ خدمات

ناروے کے شہری اب بھیبیرون ملک سے ناروے کا سفر کرسکتے ہیں۔لیکن ہر ایک کو لازمی طور پر ٹیسٹ ، رجسٹریشن اور قرنطائن ہوٹلوں میں رہنا ہو گا۔

یہ ترامیم وائرس کی تبدیل شدہ اقسام کے پھیلنے کے ساتھ موجودہ انفیکشن کی صورتحال کا نتیجہ ہے، اور اسکا مقصد عارضی طور پر انفیکشن کی صورتحال پر قابو پانے کے اقدام کے طور پر ہے۔

ملک میں آمد کا اندراج

انفیکشن کے بہتر کنٹرول کیلئے وہ تمام افرادجو انفیکشن کی سرخ سطح پر موجود ممالک سے ناروے آتے ہیں تو انہیں سرحد عبور کرنے سے پہلے اپنا اندراج کرانا ہوگا ۔ اس کا اطلاق نارویجن شہریوں پر بھی لاگو ہوتا ہے ۔

ناروے آمد سے پہلے ادھر آنے والے افراد کو لازمی رجسٹریشن کروانی چاہیے اور سفر کا اندراج، داخلے کے وقت سے صرف 72گھنٹے تک ممکن ہے ۔

[ملک میں آمد کا ڈیجیٹل اندراج]

آپ نے ڈیجیٹل طریقے سے اندراج کرنا ہوگا ۔ اندراج کے مکمل ہونے کے بعد آپکو ایک رسید ملے گی جو کہ بارڈر کنٹرول پر پولیس کو دکھائی جانی ہوگی ۔

مسافروں سے صرف ان مقاصد کیلئے ضروری معلومات کے اندراج کا کہا جائے گا ۔ یہ معلومات ڈیٹا محفوظ طریقے سے جمع کیا جاتا ہے اور 20دن بعد اسے تلف کردیا جاتا ہے ۔ ان اعداد و شمار تک صرف سرکاری حکام کو رسائی حاصل ہے ۔

انداج کے سلسلے میں سوالات یا مدد کیلئے آپ 41 33 47+ 70 28 فون کرسکتے ہیں ۔

Zarejestruj telefonicznie +47 33 41 28 70
Inregistrat de telefon +47 33 41 28 70
регистрируйтесь по телефону +47 33 41 28 70
Registruokitės telefonu +47 33 41 28 70

قرنطینہ

تمام آنے والے افراد کو دس دن کیلئے قرنطینہ میں ہونا چاہیے ۔ جلد سے جلد قرنطینہ کا خاتمہ ساتویں دن ممکن ہے اگر آنے والے مسافر کا آمد کے بعد دو دفعہ کوڈ 19کا ٹیسٹ نیگیٹو آیا ہو ۔

- سفری قرنطینہ کے بارے میں مزید معلومات

قرنطین ہوٹل

عام اصول کے مطابق آپ ناروے آمد کے بعد سفری قرنطینہ ایک قرنطین ہوٹل میں گزاریں گے ۔ وہ افراد جو ملازمت یا کسی ملازمتی امور کے سلسلے میں ناروے آتے ہیں اور وہ آجر کی جانب سے مہیا کردہ مناسب رہائش کی دستیابی کا تحریری ثبوت پیش کرسکتے ہیں تو ایسے افراد کو اس قرنطین ہوٹلوں پر قیام کی شرائط سے استثناء حاصل ہوگا ۔ آجر کو اس رہائش کی منظوری پہلے سے حاصل کرنا ہوگی مزید معلومات کیلئے اگلا نکتہ ملاحظہ فرمائیں ۔

- قرنطین ہوٹلوں سے متعلق معلومات
- قرنطین ہوٹلوں سے متعلق نظر ثانی شدہ سرکلر

ملازمین کیلئے قرنطینہ کی رہائش کی پیشگی منظوری حاصل کرنا ہوگی ۔

جن ملازمین کو ناروے آنے کی اجازت ملی ہوئی ہے انہیں لازماً سخت قواعد و ضوابط کی پابندی کرنا ہوگی ۔ مرکزی اصول کے مطابق اس گروہ کو لازماً قرنطین ہوٹل میں رہنا ہوگا ۔
ان ملازمین کیلئے مستثنیات ہیں جنہیں آجر یا موکل مناسب رہائش کی جگہ فراہم کرتے ہیں جسے آمد سے قبل لیبر انسپکشن اتھارٹی سے منظور کرایا گیا ہو ۔ اندراج کے وقت منظوری کے دستاویزات پیش کرنا ضروری ہیں ۔

- درخواست نامہ پر ملاحظہ کریں ۔
- آجرین اور ملازمین سے متعلق مزید معلومات arbeidstilsynet.no پر ملاحظہ کریں ۔

ٹیسٹنگ کی ذمہ داری

بارڈر پر لازمی جانچ, ٹیسٹنگ نافذ کردی گئی ہے اگر آپ پچھلے 14دنوں کے دوران کسی ایسے علاقے یا ملک میں رہے ہیں جو قریطینہ کی شرط سے مشروط ہیں تو ناروے آمد پر آپ کو کرونا ٹیسٹ کروانا ہوگا ۔ اس کا اطلاق نارویجن شہریوں پر بھی ہوتا ہے ۔

ایسے افراد جومعقول وجہ کے بغیرٹیسٹ نہیں کراتے وہ یا رضاکارانہ طور پر ملک چھوڑ سکتے ہیں یا ان پرجرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔
غیر ملکی مسافروں کو SARS-CoV-2 کا بھی منفی ٹیسٹ دکھانا ہوگا ۔ جو ناروے آمد سے قبل آخری 24گھنٹوں کے دوران کرایا گیا ہونا چاہیے ۔ اِس کا اطلاق یکم اپریل سے ، ناروے کے شہریوں اور ناروے میں مقیم غیر ملکیوں پر بھی ہوتا ہے۔یہ ٹیسٹ ناروے آمد سے قبل آخری 24گھنٹوں کے دوران کرایا گیا ہونا چاہیے ۔ بذریعہ ہوائی جہاز ناروے پہنچنے والے افراد کیلئے یہ ٹیسٹ سفر کے ابتدائی حصے کی روانگی سے 24گھنٹے قبل بھی کروایا جاسکتا ہے ۔ یہ پرواز براہ راست

ناروے کیلئے ہوسکتی ہے یا پھر دوسرے ہوائی اڈوں پر رک کر ایک مستقل سفر بھی ہوسکتا ہے ۔
منفی ٹیسٹ کےسرٹیفکیٹ کا حصول اگر ناممکن یا غیر مناسب ہو تو اِس کی ضرورت کا اطلاق نہیں ہوتا -

- ٹیسٹنگ کی ذمہ داری سے متعلق مزید معلومات (helsenorge.no)
- پریس ریلیز : ملک میں آمد پر ٹیسٹ اور کے قواعد میں سختی

کھلے بارڈر کا جائزہ

- ٹیسٹنگ کی سہولت کے ساتھ اور بغیر ، کھلے بارڈر کا بمعہ نقشہ جائزہ (ڈائریکٹوریٹ برائے صحت)

اندراج، جانچ ٹیسٹنگ اور قرنطینہ سے متعلق معلوماتی ٹیلی فون:

- ناروے سے : 815 55 015
- بیرون ملک سے : 40 78 93 21 47+